تاثرات کو کمپوز کر کے کتاب میں شامل کرلیا جاتا، تاکہ افادیت دوچند ہوجاتی۔عنوانات سے اگرچہ مصنف کے قدیم ادبی ذوق کی جھلک واضح ہوتی ہے لیکن قاری فہرست سے کچھ اخذ نہیں کر پاتا کہ اس عنوان کے تحت کیا خزانہ چھپا ہے......مثلا:''گل است سعدی ودر چشم دشمناں خاراست''،''ہر فتنہ کہ برخیزد از کوئے تو برخیزد''،''فتنہ می کند آں نرگس فتاں کہ مپرس''،''چوں نہ دیدند حقیقت رہ افسانہ زند''،''کس نگوید کہ دوغ من ترش است''،''یکی مجنون ودیگر سگ گزیدہ''،''ایک کریلا دوسرا نیم چڑھا''،''بال کے کھوجی شہتیر کے اندھے''......اب اس طرح کے عنوانات سے کوئی کیا سمجھے؟!،اس سب کے باوجود ہم کتاب کے مطالعے کی درخواست کریں گے،متعلقہ موضوع پر یہ کتاب نظرانداز کیے جانے کے قابل نہیں۔

خطبات کریم (۲ جلد)

خطیب: مولانا کریم بخش مدظلہم۔طباعت: عمدہ۔صفحات جلد اول: 418 جلد دوم: 473۔ ملنے کا پتا: مکتبہ عمر بن الخطاب، ٹی چوک شاہ رکن عالم کالونی ملتان۔فون: 03017574977

حضرت مولانا کریم بخش مدظلہم جید استاذ ہی نہیں بلکہ بہترین مربی اوران تھک داعی بھی ہیں۔آپ مسند تدریس پر ہوں یا منبر وعظ پر۔دل سوزی اور امت کا غم آپ کا لب ولہجے سے جھلکتا ہے۔زیر نظر خطبات کا مجموعہ بھی آپ کی اسی دلسوزی کا مرقع ہے۔پہلی جلد دس خطبات کا مجموعہ ہے جب کہ دوسری جلد میں بارہ خطبات ہیں۔یہ خطبات محض خطیبانہ اسلوب لیے ہوئے نہیں بلکہ ان میں علم بھی ہے اور معلومات بھی اور عمل کی امنگ اور تڑپ بھی ان میں نظر آتی ہے۔جو شخص بھی ان خطبات کا مطالعہ کرے گا اپنے آپ کو علم وعمل کی چاشنی سے بہرہ ور پائے گا۔

پہلی جلد میں زیادہ تر سیرت نبوی اور سیرت انبیاء کے مضامین بیان ہوئے ہیں۔جب کہ دوسری جلد میں شب براءت، رمضان المبارک، شب قدر، فضائل ومسائل رمضان کے مضامین بیان ہوئے ہیں۔خوبی یہ ہے کہ پڑھنے سننے والے کے لیے ان میں عبرت وموعظمت اور ذکر وفکر آخرت کا بہت کچھ سامان موجود ہے۔

صلہ رحمی

تالیف: مفتی محمد عبدالقادر جیلانی۔صفحات: 248۔طباعت: عمدہ۔ ملنے کا پتا: مکتبہ عمر بن الخطاب، ٹی چوک، شاہ رکن عالم کالونی ملتان۔فون 061-677525

زیر تبصرہ کتب رشتہ داروں سے حسن سلوک، باہمی محبت ومودت کے موضوع قرآن وحدیث کی روشنی میں بہترین مجموعہ ہے۔صلہ رحمی حقوق العباد میں سے ہے۔قرآن مجید اور احادیث نبویہ میں اس کے متعلق خاص تاکید آئی ہے۔احادیث باحوالہ دی گئی ہیں۔ترجمہ وتشریح عام فہم اور یہ مجموعہ ہر خاص وعام کے لیے مفید ہے۔